# اطلاع برائے 29واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ آئی جی آئی لائف انشورنس لمیٹڈ (کمپنی) کا 29واں سالانہ اجلاسِ عام مورخہ 29 اپریل، 2024 بروز پیر بوقت 2:00 بجے دوپہر، انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP)، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کلفٹن کراچی کے آڈیٹوریم میں اور آن لائن بذریعہ ویڈیو لنک منعقد ہوگا۔ اجلاس میں درجِ ذیل امور زیرِ بحث لائے جائیں گے:

## عمومی کارروائی

1. مؤرخہ 23 مئی، 2023 کو منعقد ہونے والے گزشتہ سالانہ غیر معمولی اجلاسِ عام کے نکات کی توثیق۔

2. مؤرخہ 31 دسمبر، 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں مع چیئرمین ریویو رپورٹ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، غور وخوض، اور منظوری۔

آڈٹ شدہ مالی گوشواروں اور متعلقہ رپورٹس سمیت سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دی گئی ہے۔ بتاریخ SRO 389(I) 2023 کے مطابق اور اس کے بعد 27 اپریل 2023 کو سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی منظوری کے بعد سالانہ رپورٹ اور آڈٹ شدہ مالی گوشواروں تک مندرجہ ذیل ویب لنک اور کیو آر فعال کوڈ کا استعمال کرتے ہوئے رسائی حاصل کی جاسکتی ہے:

مجھے اسکین کیجیے

https://igilife.com.pk/investor-relations/financial-reports

3. سال 2024 کے لیے اسٹیچوری آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی (چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس) نے آڈیٹر کے طور پر تقرری کے لیے رضامندی ظاہر کی ہے اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ان کی دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

## دیگر کوئی کارروائی:

4. چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

بتاریخ: 8 اپریل، 2024 کراچی

بحکمِ بورڈ

**نادیہ پروین حسین**

کمپنی سیکریٹری

## نوٹس:

### 1. کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب کی بندش:

کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب (Share transfer Books) مؤرخہ 22 اپریل، 2024 سے 29 اپریل، 2024 (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔ صرف وہ افراد جن کے نام 19 اپریل، 2024 کو اعتبار سے کمپنی کے اراکین کے رجسٹر میں ظاہر ہو رہا ہوگا صرف انہی کو اس وقت اجلاس میں شرکت کا اہل شمار کیا جائے گا۔

### 2. ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے 29ویں سالانہ عام اجلاس میں شرکت:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ سرکولرز کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو پابند کیا گیا ہے کہ عمومی اجلاس بالمشافہ کے ساتھ ساتھ آن لائن بھی انعقاد کیا جائے گا۔ سالانہ عام اجلاس میں شیئر ہولڈرز کی شرکت کو مزید آسان بنانے کے لیے کمپنی کی طرف سے مندرجہ ذیل انتظامات کیے گئے ہیں:

وہ اراکین جو بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنی معلومات جس میں ان کا نام، فولیو نمبر، شناختی کارڈ نمبر اور ای میل ایڈریس 27 پریل، 2024 کو کاروباری اوقات بند ہونے سے پہلے igilifeagm@igi.com.pk پر ای میل کر دیں۔ رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز کو لاگ ان کی تفصیلات فراہم کر دی جائیں گی۔ شیئر ہولڈر پراکسی کی جانب سے مذکورہ بالا معلومات موصول ہونے کے بعد کمپنی لاگ ان کی تفصیلات ان کے ای میل ایڈریس پر ارسال کرے گی، جس سے وہ سالانہ اجلاسِ عام میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کر سکیں گے۔

بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس کی کارروائی میں شرکت کرنے کے لیے اراکین https://zoom.us/download کے ذریعے ایپلیکیشن/سافٹ ویئر ڈاؤنلوڈ کر کے لاگ ان ہو سکتے ہیں۔

### 3. میٹنگ میں حاضری:

جو ممبران سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے اہل ہیں انہیں اپنی جانب سے کسی اور شخص کو اپنی جگہ اجلاس میں شرکت اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے لیے نمائندہ (پراکسی) مقرر کرنے کی اجازت ہے۔ نمائندہ (پراکسی) کے لیے کمپنی کا رکن ہونا ضروری نہیں۔ نمائندہ (پراکسی) مقرر کرنے والے رکن کی طرف سے مکمل پُر شدہ پراکسی فارم دستخط کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، **فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ**، 8 ایف، متصل ہوٹل فاران، نرسری بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی کو مقررہ اجلاس سے لازماً 48 گھنٹے قبل موصول ہو جانا ضروری ہے۔

شیئر ہولڈرز (جن کے سی ڈی سی میں اکاؤنٹ نہیں ہیں) سے درخواست ہے کہ اگر ان کے پتے میں کسی قسم کی تبدیلی ہو تو فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کر دیں۔

## 4. سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز/غیر سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے ہدایات:

**الف) اجلاس میں شرکت کے لیے**

i۔ وہ انفرادی لوگ، اکاؤنٹ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز، گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپلوڈ کردی گئی ہوں وہ اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ ضرور فراہم کریں۔

ii۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس کے موقع پر بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی کے ساتھ مقرر کنندہ کے دستخط کے نمونوں کا ہونا ضروری ہے۔

**ب) نمائندہ مقرر کرنے کے لیے**

i۔ وہ انفرادی لوگ، اکاؤنٹ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز، گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپلوڈ کردی گئی ہوں وہ مذکورہ بالا شرائط کو مدنظر رکھتے ہوئے پراکسی فارم ضرور مہیا کریں۔

ii۔ پراکسی فارم پر دو گواہوں کی تصدیق ضروری ہے جن کا نام، پتہ اور شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہو۔

iii۔ اصل مالکان اور نمائندہ کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول بھی پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کی جائیں گی۔

iv۔ اجلاس کے وقت نمائندہ اپنا اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ بھی پیش کرے گا۔

v۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی فارم بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی دستخط کے نمونوں کے ساتھ جمع کروایا جائے گا۔

## 5. کمپنی کی ویب سائٹ پر سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی دستیابی:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (7) 223 کی روشنی میں مالیاتی گوشوارے اور رپورٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کردی گئی ہیں جسے اس لنک https://igilife.com.pk/investor-relations/financial-reports سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## 6. آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل بذریعہ ای میل اور QR کوڈ:

31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بمع گزشتہ سال کے سالانہ اور سہ ماہی مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ (https://igilife.com.pk/investor-relations/financial-reports) پر مہیا کردی گئی ہیں۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے نوٹیفکیشن نمبر ایس آر او 389(I)/2023 بتاریخ 21 مارچ، 2023 کے تحت کمپنیز کو سالانہ بیلنس شیٹ، نفع اور نقصان کے اکاؤنٹ، آڈیٹر کی رپورٹ اور ڈائریکٹر رپورٹ وغیرہ (''سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے'') بذریعہ QR کوڈ اور ویب لنک اپنے ممبرز کو فراہم کرنے کی اجازت دی ہے۔

لہٰذا 31، دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے سال کی سالانہ رپورٹ بذریعہ ای میل اور QR کوڈ شیئر ہولڈرز کو ارسال کردی گئی ہے۔ البتہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جن کے ای میل ایڈریس دستیاب نہیں تھے تو سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کی پرنٹ شدہ کاپی اور 2023 کی سالانہ رپورٹ (مالیاتی گوشوارے پر مشتمل) ڈاؤنلوڈ کرنے کے لیے QR کوڈ/ ویب لنک انہیں ڈاک کے ذریع ارسال کردیے گئے ہیں۔

بہرحال، اگر شیئر ہولڈر کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ہارڈ کاپی کی ضرورت ہو تو درخواست کی وصولی کے سات دن کے اندر اندر بلا معاوضہ یہ رپورٹ فراہم کردی جائے گی۔ اس حوالے سے کمپنی کا مخصوص ای میل ایڈریس/ شیئر رجسٹرار کا ای میل ایڈریس کمپنی کی ویب سائٹ پر لگا دیا جائے گا۔ شیئر ہولڈرز مستقبل کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس ہارڈ کاپی کی صورت میں وصول کرنے کو بھی ترجیح دے سکتے ہیں۔ شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لیے ''اسٹینڈرڈ درخواست فارم برائے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی وصولی'' کمپنی کی ویب سائٹ http://igilife.com.pk/ پر بھی مہیا کردیا گیا ہے۔

## 7. فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم کی طرف منتقلی:

ایسے اراکین جن کے پاس فزیکل شیئرز ہیں ان کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئر کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کی روشنی میں بک انٹری فارم (سی ڈی سی) میں تبدیل کروالیں۔

## 8. غیر کلیم شدہ شیئرز/ غیر ادا کردہ ڈیویڈنڈ:

وہ شیئر ہولڈر جو اپنا ڈیویڈنڈ/ فزیکل شیئرز اب تک وصول نہیں کرسکے ان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے غیر کلیم کردہ ڈیویڈنڈ یا شیئرز حاصل کرنے / معلومات کرنے کے لیے ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کی روشنی میں ایسے تمام غیر کلیم کردہ ڈیویڈنڈ اور شیئرز جن کو واجب الاداء تاریخ سے تین سال یا اس سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے اور قابل ادا ہیں تو غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈ کی صورت میں وفاقی حکومت کے نام پر کریڈٹ کردیے جائیں گے اور شیئرز کی صورت میں ایس ای سی پی کو منتقل کردیے جائیں۔